سوال

(452) جمعہ اور عید کے پہلے نقارہ بجانا کیا ہے۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جمعہ اور عید کے پہلے نقارہ بجانا کیا ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو کہ قبل جمعہ اور عید کے نقارہ بجایا جاتا ہے یہ بھی بالکل بدعت ہے کیونکہ اس کا ثبوت قرآن و حدیث میں نہیں ہے اور یہ تمام بدعتیں کٹ ملاؤں نے یہ سبب اپنی کم علمی کے مروج کی ہوئی ہیں ورنہ ان کا ثبوت اس سچے دین میں کہ جس کو محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے لائے تھے ہر گز ہر گز نہیں ہے بلکہ مَنۡ اَحۡدَثَ فِيۡ اَمۡرِنَا ھٰذَا مَا لَيۡسَ مِنۡهُ فَهُوَ رَدٌّ میں داخل ہے کما لایخفی علی ماہر الکتب والسنة (فتاویٰ ستاریہ جلد اول صفحہ ۱۳۸)

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1 ص 179

محدث فتویٰ